08/05/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شبیر الزمان** سے خبریں سُنئے

کل جماعتی میٹنگ

مرکز کی طرف سے آپریشن سندور کے تناظر میں نئی دلی میں آج ایک کل جماعتی میٹنگ جاری ہے ۔ میٹنگ کے دوران سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کو آپریشن سندور کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی جا رہی ہے ۔ غور طلب ہے کہ سبھی سیاسی جماعتوں نے اپنے سیاسی نظریات سے بالا تر ہو کر ، فوج کی سراہنا کی ہے ۔میٹنگ میں وزیر داخلہ امت شاہ ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ ، دیگر اہم مرکزی وزراء، قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال اور دیگر سیاسی جماعتوں کے سرکردہ لیڈران موجود ہیں ۔

تیاری

بھارت نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے بعد اگر پاکستان نے کوئی جوابی کاروائی کی تو اس صورت میں نئی دلی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لئے پوری طرح سے تیار ہے ۔ جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ بھارت کے مسلح افواج نے گزشتہ رات کے دوران ،پہلگام حملے کے ردِ عمل میں پاکستان اورپاکستانی مقبوضہ کشمیر کے اندر قریب نو دہشت گرد ٹھکانوں پر ہوائی حملے کئے ۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے پاکستان اور نیپال کی سرحد سے متصل ریاستوں کے وزراءاعلیٰ اور لیفٹننٹ گورنروں سے کہا ہے کہ وہ غیر ضروری عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا اور دیگر میڈیا پلیٹ فارمس پر ملک مخالف پروپیگنڈے پر کڑی نظر رکھیں۔ نئی دلّی مینسلامتی کی صورتحال سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے امت شاہ نے

نہیں ریاستی حکومتوں اور مرکزی ایجنسیوں کے ساتھ تال میل سے فوری کارروائی کی ہدایت ± دی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ مواصلات کے نظام کو حسبِ معمول برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے۔ وزیر داخلہ نے ریاستوں سے// عوام میں پھیل رہے غیر ضروری خوف کو روکنے اور افواہوں کی روک تھام کے لئے اقدامات کرنے کو بھی کہا۔

پرواز

آپریشن سندور کے بعد شمالی بھارت کے کئی ہوائی اڈوں کو کمرشل پروازوں کے لئے بند کیا گیا ہے جن میں سرینگر کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ بھی شامل ہیں۔ سرینگر ائیر پورٹ سے آج روانہ ہونے والی حج پروازوں کو منسوخ کر دیا گیا ہے ۔ کل یعنی سات مئی کی پروازوں کو بھی منسوخ کیا گیا تھا ۔ جموں کشمیر حج کمیٹی نے کہا ہے کہ ان پروازوں کے عازمین کی روانگی کے لئے تاریخوں کا الگ سے اعلان کیا جائے گا۔

کنٹرول روم

صوبائی انتظامیہ کشمیر نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں وادی کے دس اضلاع میں عام لوگوں کی سہولت کے لئے کنٹرول روم قائم کئے ہیں ۔ اس سلسلے میں ڈویژنل کمشنر کشمیر کی طرف سے ایک فہرست جاری کی گئی ہے جس میں رات دن کام کرنے والے ان کنٹرول روموں کے نمبرات دئے گئے ہیں ۔

سکمز صورہ

سکمز صورہ کی طرف سے ایک کمانڈ سینٹر قائم کیا گیا ہے ، جس کے ٹیلی فون نمبرات عوام کی سہولت کے لئے جاری کئے گئے ہیں ۔ کمانڈ سینٹر کا ایک نمبر 3207-00-9419 ہے ۔

سکمز کنٹرول روم کا نمبر 68288-99069 ہے ۔ اسی طرح سے انجینئرنگ کنٹرول روم کا ایک نمبر 700-66-88-315 ہے ۔ سکمز میڈیکل کالج اور اسپتال کے کنٹرول کا نمبر 111-550-9419 ہے ۔

فائرنگ

جموں کشمیر کے کئی سرحدی اضلاع میں لائن آف کنٹرول پر سرحدی فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے ۔ گزشتہ رات بھی پاکستانی فوج نے چھوٹے درجے کے ہتھیاروں اور توپوں سے کچھ بھارتی علاقوں کو نشانہ بنایا ۔ دفاعی ذرائع نے کہا کہ کپوارہ ، بارہمولہ ، اوڑی اور اکھنور کے علاقوں میں سرحد پار سے کی گئی فائرنگ کا بھارتی جوانوں نے بھی مناسب جواب دیا ۔

جتیندر سنگھ

نیز فوج کے ان پُٹس کے تناظر میں وزارت داخلہ BSF بھارت پاک سرحد پر حالیہ واقعات// اور اور وزارت دفاع نے سٹریٹجک اہمیت کے حامل ادھمپور دھر روڑ کی کشادگی کے منصوبے میں تعاون دینے سے اتفاق کیا ہے ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ 150 کلو میٹر لمبا یہ روڑ ادھمپور سے پٹھان کوٹ تک آباد بستیوں کے لئے ایک لائف لائن ہے ۔

IGNOU

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تعلیمی سال 2024-25 کی اہم حصولیابیوں کے لئے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے ریجنل سینٹر سرینگر کی سراہنا کی ہے ۔ وہ اگنو کے ریجنل سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر اے ایچ رضوی کے ساتھ تبادلہ خیال کر رہے تھے ، جنھوں نے وزیر اعلیٰ کو یونیورسٹی کی کار کردگی سے متعلق ایک رپورٹ کارڈ پیش کیا ۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کی طرف سے دس مئی تک لئے جانے والے سبھی امتحانات فی الحال موخر کر دئے گئے ہیں ۔ نئی تاریخوں کا اعلان الگ سے کیا جا ئے گا ۔ اسی دوران کشمیر یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسوں کے لئے داخلے کا عمل شروع ہو چکا ہے ۔ اس سلسلے میں درخواستےں جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 مئی مقرر کی گئی ہے ۔

عالمی دن

کی مقدار کم ہو Haemoglobin کا عالمی دن ہے ۔ اس بیماری میں خون میں Thalassaemia آج کی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے ۔ Anaemia جاتی ہے جس کے نتیجے میں سخت ترین

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ